FIR (FAQs)

1	میں نے FIR درج کروانی ہے کہاں درج ہوگی	اپنے متعلقہ تھانہ میں درج کروائیں
2	FIR درج کرانے کے لیے کون سی دستاویزات ضروری ہیں	کوئی دستاویز ضروری نہیں ۔تحریری درخواست یا بیان پر FIR درج ہوتی ہے۔
3	FIR درج کرانے کے لیے میں (مدعی) اکیلا تھانہ جاؤں یا گواہان یا کسی اور کو ساتھ لے آؤں۔	کسی کو ساتھ لانے کی ضرورت نہیں
4	FIR درج کروانے کی کتنی فیس ہے	FIR درج کرانے کی کوئی فیس نہ ہے۔فری درج ہوتی ہے۔
5	FIR درج کرانے کے لیے تھانہ میں کس کے پاس جانا ہے	تھانہ میں فرنٹ ہیلپ ڈسک قائم ہیں۔آپ وہاں جائیں گے جو مزید آپ کی راہنمائی کریں گے۔
6	تھانہ میں حاضر ہونے کے علاوہ کیسے FIR درج کرواسکتا ہوں	اگر کوئی پولیس آفیسر آپ کو جائے وقوعہ یا رستہ میں مل جائے تو آپ اسے وقوعہ کی اطلاع دیں وہ خود تھانہ میں FIR درج کروائے گا۔
7	FIR متاثرہ شخص درج کرواسکتا ہے یا کوئی اور بھی	متاثرہ شخص کے علاوہ کوئی بھی وقوعہ کی اطلاع دے کر FIR درج کرواسکتا ہے۔
8	FIR کی کاپی کہاں سے ملے گی	FIR کی کاپی متعلقہ تھانہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔
9	FIR کی کاپی درج ہونے کے بعد کتنے عرصے بعد مل سکتی ہے	FIR کی کاپی اندارج کے فوراً بعد مل سکتی ہے۔
10	FIR کی کاپی لینے کی کتنی فیس ہے	FIR کی کاپی مفت فراہم کی جاتی ہے اس کی کوئی فیس نہ ہے۔
11	کسی دوسری جگہ یا علاقہ کے وقوعہ کی FIR درج کرا سکتا ہوں	FIR اس تھانہ میں درج کی جائے گی جس تھانہ کی حدود میں وقوعہ ہوا ہو۔